21 Aug, 2023 پیپر نمبر: 054 کامران ملک

سوال : اسلام میں انسانی حقوق اور اسلام میں خواتین کی
حیثیت ~~[illegible]~~ کو بیان کریں؟

جواب :-

ا- اسلام میں انسانی حقوق۔
اا- اسلام میں عورتوں کی حیثیت۔
ااا- مغرب میں عورتوں کے حقوق۔

start with the introduction of the question.

## ا- اسلام میں انسانی حقوق۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا حضرت آدمؑ سے کیا اور اس دنیا میں اپنی عبادت کے لیے بھیجا ہے۔ اور شریعتوں کے مطابق زندگی گزارنے کا حق اور حکم دیا ہے۔ عبادات فرض کی ہیں اور حقوق بھی دیئے ہیں۔ انسان اللہ تعالیٰ کی بہترین مخلوق ہیں۔

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں تو فرماتے ہیں۔

"ہم نے بنی آدم کو عزت بخشی ہے، انہیں خشکی اور تری میں سوار کیا، اور انہیں پاکیزہ چیزوں سے نوازا، اور بہت سی مخلوق پر فضیلت دی ہے" (بنی اسرائیل)

try to add the arabic of quranic ayats.

اسلام نے انسانوں کو بہت عزت دی ہے اور اسلام اس جہالت کے دور میں آیا اور لوگوں کو عزت دی جب کہ طاقتور لوگوں کو عبور حاصل تھا اور ہر طرح سے کنٹرول حاصل تھا۔ قریش غلاموں کے ساتھ انتہائی ظالمانہ رویہ اختیار کرتے تھے اور عورتوں کے ساتھ برا سلوک کرتے تھے اس دور میں قرآن نے انسانوں کو عزت دی کیونکہ اللہ تعالیٰ کے پاس سب کے سب برابر ہیں۔
اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

**"ہم نے انسان کو بہترین انداز میں بنایا ہے"**

نبی پاکؐ نے انسانوں کے سلوک اور اخلاق کو ایک ایسا راہ دکھایا جو نہ مذہب اور حقوق دونوں طرح سے ایک اچھا حقوق سمجھا جاتا ہے۔ رسولؐ نے آخری حج کے موقع پر خطبہ دیا جس میں حقوق کچھ اس طرح واضح کیے۔

## آخری خطبہ کے اہم نکات

first add description of around 5-7 lines and then add references.

* **جان و مال کی حرمت:-**

رسولؐ نے آخری خطبہ کے موقع پر فرمایا

**"تمہارا خون اور تمہارا مال اسی طرح حرمت والا ہے جیسا کہ یہ دن، یہ مہینہ، یہ شہر"**

رسولؐ نے فرمایا اپنی جان اور اپنے مال کی حفاظت کرو اور

اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت کرو۔

* **عورتوں کے حقوق:۔**

رسول ﷺ نے عورتوں کے حقوق کا بھی خیال کیا اور ان کے ساتھ برابری کا حکم دیا ہے۔ اور بتایا کہ جس طرح سے مرد کو حق حاصل ہے اسی طرح سے عورت کو بھی حق حاصل ہے۔ اور فرمایا

**"اے لوگو! عورتوں کے معاملے میں اللہ سے ڈرو"**

عورتیں تمہارے لیے حلال کردی گئی ہیں۔ اگر وہ پرہیزگار اور وفادار ہیں تو انہیں مناسب لباس پہنائیں اور کھانا کھلائیں۔

* **شوہروں کے حقوق:۔**

اسی طرح رسول ﷺ نے عورتوں کو بھی پابند کیا ہے کہ وہ اپنے مردوں کے ساتھ اللہ کی طرف سے عائد کردہ حقوق کا خیال کریں اسی طرح حکم دیا گیا ہے۔

**" ان عورتوں پر واجب ہے کہ وہ اپنے ازدواجی حقوق کا احترام کریں اور نا انصافی سے کام نہ لیں۔ اگر وہ کریں تو وہ سزا دینے کا اختیار رہے، لیکن سخت نہیں"**

یعنی عورتوں کو بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے حقوق کا اچھی طرح استعمال اور خیال رکھیں۔

*** دولت کی حفاظت :-**

قرآن میں دولت کی حفاظت کا بھی اصول بتایا گیا ہے اور رسولؐ نے آخری خطبے میں لوگوں کو جمع کرنے کا حکم دیا ہے کہ حلال کمائی اور حلال میں برکت ہے اسی طرح سود سے منع فرمایا ہے اور سود کو حرام قرار دیا گیا ہے جیسا کہ قرآن میں بتایا گیا ہے۔

"اللہ نے تم پر سود لینا حرام کیا ہے۔"

*** نسل اور رنگ کو کوئی برتری نہیں :-**

رسولؐ نے آخری خطبہ کہ موقع پر اسلام کے دائرے میں رنگ اور نسل کا فرق ختم کرنے کا بھی حکم دیا ہے اور فرمایا کہ "کسی عربی کو کسی عجمی پر اور نہ ہی کسی عجمی کو کسی عربی پر، کسی گورے کو کالے پر اور کسی کالے کو کسی گورے پر کوئی فضیلت حاصل نہیں سوائے تقویٰ اور نیک عمل کے"

یعنی سب برابر ہیں کسی کو کسی پر کوئی حق نہیں صرف نیک اور پرہیزگاری کے۔

*** ان کے حقوق جو موجود نہیں :-**

رسولؐ نے واضح فرمایا ہے کہ جو یہاں موجود نہیں ہے دوسرں کا کام ہے کہ دوسروں تک بات پہنچائیں اور وہ دوبارہ بات دوسروں تک پہنچائیں۔

# اسلام کی طرف سے تجویز کردہ انسانی حقوق

## * اللہ اور اس کے دین کی نظر میں مساوات :-

اللہ تعالیٰ نے انسان کو مساوات کا درس دیا ہے اور انسان کو پیدا کیا ہے اور ہر ~~مختلف~~ مختلف قبیلوں میں بانٹ دیا ہے تاکہ تم زندگی میں ترقی کر سکو۔ اپنا دین اسلام سکھایا اور اس پر اصول کو قائم کیے تاکہ تم اپنی زندگی کے ہر پہلو میں قرآن سے مدد لے سکو۔

"اے لوگو! اللہ نے تمہیں ایک مرد اور عورت سے پیدا کیا ہے۔ اور تمہاری نسلیں اور قبیلے بنائے ہیں تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچانو اور اللہ کے نزدیک تم سب میں سے بڑھ کر وہی جو زیادہ پرہیزگار ہے۔ بے شک اللہ سب کچھ جاننے والا ہے"

## * زندگی کی حرمت :-

رسول نے جہاں حقوق اور تحفظ دلایا وہاں رسول نے زندگی میں فساد اور جھگڑے سے منع فرمایا ہے۔ رسول نے مل جل کر رہنے اور اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت کا حکم دیا ہے۔ اسی طرح قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

"جس نے کسی ایک انسان کا قتل کیا گویا اس نے پوری انسانیت کا قتل کیا اور جس نے ایک جان بچائی گویا اس نے پوری انسانیت کو بچایا"۔

ہمیں مل جل کر رہنا اور صلہ رحمی اختیار کرنے کا حکم ہے۔

* بنیادی ضروریات کا حق :-

اسلام نے زندگی کے بنیادی اصول کو بھی واضع کیا ہے اور اسلام کے عین مطابق زندگی بسر کرنے کا حکم دیا اس کے ساتھ ساتھ رشتہ داروں اور مسکینوں مسافروں کے حقوق بھی واضع کیے ہیں۔ جس طرح قرآن میں حکم دیا گیا ہے کہ۔

"اور رشتہ داروں کو اس کا حق دو اور مسکین اور مسافر کو بھی دو اور اسراف نہ کرو" (بنی اسرائیل)

* مذہبی آزادی کا حق :-

اللہ تعالیٰ کے مطابق بہترین دین اور مذہب اسلام ہے جبکہ کسی شخص پر کوئی کسی طرح کا دینی اعتبار سے کو دباؤ نہیں ہے اللہ تعالیٰ نے حضرت محمدؐ کو آخری نبی بنا کر بھیجا کہ وہ ہمیں راہ دکھائیں اور درست اور غلط کی پہچان کرائیں۔

"دین میں کسی طرح کا جبر نہیں۔ یہاں غلط راستے الگ کر دیئے گئے ہیں"۔ (البقرہ)

* تعلیم کا حق :-

رسولؐ نے واضع کیا ہے کہ مرد اور عورت دونوں ہی برابر ہیں اسی طرح دونوں کو تعلیم کا حق بھی حاصل ہے جیسا کہ قرآن میں فرمایا گیا ہے۔

"علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے"

## اسلام میں عورت کی حیثیت

اسلام سے پہلے عورتوں کے ساتھ غیر انسانی سلوک کیا جاتا تھا۔ عورتوں کے ساتھ ظلم اور زیادتی کی انتہا کی گئی۔
عورتوں کو اسلام نے عزت اور حق دیا ہے۔ اسلام سے پہلے عورتوں کے تحفظ اور عزت دونوں ہی نہ تھی ایسا سمجھا جاتا جیسے کو کاروباری چیز ہو۔
اہل اسلام سے پہلے جس گھر میں بچی پیدا ہوتی اس کا رنگ سیاہ ہو جاتا اور بری خبر سمجھی جاتی تھی۔ اس زمانے میں بچیوں کو تک قتل کر دیا جاتا تھا اور خواتین کو جانوروں کی طرح سمجھا جاتا تھا۔

### * اسلام کی عطا کردہ حیثیت :-

اسلام میں مرد اور عورت دونوں ہی برابر ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا ہے کہ
"میں تم میں سے کسی مزدور کا کام ضائع نہیں کروں گا۔
خواہ وہ مرد ہو یا عورت تم ایک دوسرے کا ہو"
مرد اور عورت دونوں ہی اللہ کے نزدیک ایک جیسے ہیں۔

### * ماؤں کی کثرت سے عزت کرنا :-

اسلام میں عورت کو ایک ماں اور عزت کرنے کا حکم کیا گیا ہے۔

رسول ﷺ کے پاس ایک شخص آیا اور کہنے لگا۔
رسول ﷺ مجھ سے بہترین صحبت کا زیادہ حقدار کون ہے آپ ﷺ نے فرمایا تمہاری ماں۔ آدمی کہنے لگا آگے کون؟" آپ ﷺ نے فرمایا تمہاری ماں" پھر کہنے لگا آگے کون؟ " آپ ﷺ نے فرمایا تمہاری ماں" پھر چوتھی بار پوچھا آگے کون؟ "رسول ﷺ نے فرمایا" تمہارا باپ"۔ (بخاری)
گویا ہمیں سب سے بڑھ کر عزت کا حکم ماں کے لیے ہے اور اس کے بعد والد کا حکم دیا گیا ہے۔

* بیویوں کے ساتھ بہترین سلوک کا حکم:-

اسلام میں عورت کو ایک بیوی کے طور پر بھی عزت اور احترام کا حکم ہے اسی طرح رسول ﷺ نے فرمایا
" تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنی بیوی کے ساتھ بہترین ہے۔ اور میں تم میں سے اپنی بیویوں کے لیے بہترین ہوں"۔ (ابن ماجہ)
یعنی بیویوں کے ساتھ حسن سلوک اور احترام اور عزت کا کہا گیا۔ رسول ﷺ اپنی مصروف زندگی میں سے روزانہ شام کا وقت عصر سے مغرب تک اپنی بیویوں سے ساتھ گزارا کرتے تھے۔

* وراثت کا حق:-

رسول ﷺ نے فرمایا " جس کی تین بیٹیاں ہوں وہ ان پر صبر کرے انہیں کھلائے اور اپنے مال سے پہنائے قیامت کے دن اس کے لیے آگ کے آگے ڈھال ہیں" (ابن ماجہ)

یہی حکم پڑھتا دیا گیا ہے کہ اگر تمہارے گھر بیٹیاں ہیں تو ان
کا حق ان کو دو اور یہی بیٹیاں تمہارے لیے قیامت کے دن
بخشش کا سبب ہوں گی۔

خواتین کے حقوق جو اسلام نے بتائے۔

* **جینے کا حق:-**
اسلام میں عورت کو جینے کا حق حاصل ہے اسلام سے
پہلے عورت کو جینے کا حق نہیں دیا جاتا تھا اسلام کے آنے کے
بعد عورت کو اس کا مقام دیا گیا اور برابری سے نوازا گیا ہے۔

* **شادی میں رضامندی کا حق:-**
اسلام میں عورت کی تعلیم میں رضامندی کا حق
دیا گیا ہے تاکہ وہ اپنی زندگی میں خوشی کے ساتھ رہ سکے۔
جبکہ اسلام کے آنے سے پہلے خواتین کو بازاری اشیاء
سمجھا جاتا تھا صاحب دل کھول استعمال کیا جب دل کیا فروخت کر دیا۔

* **تعلیم کا حق:-**
اسلام میں عورت کو پورا حق حاصل ہے کہ وہ
تعلیم حاصل کرے اور اپنے حقوق میں رہتے ہوئے علم کی فراہمی
حاصل کرے جس طرح قرآن میں ذکر ہے۔
"علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے"۔

۹

* طلاق کا حق :-

اسلام میں خواتین کو جہاں نکاح کی رضامندی کا حکم اور حق دیا گیا ہے اس طرح عورت کو طلاق کا حق بھی حاصل ہے تاکہ وہ اپنی مرضی سے اسلام کے اصولوں کے مطابق زندگی گزار سکے۔

* ملکیت کا حق :-

عورت کو جائیداد میں حق اسلام نے دیا ہے۔ عورت کو یہ حق اسلام کی روشنی میں حاصل ہوا ہے عورت کو جائیداد یا وراثت میں بھی پورا حق حاصل ہے جبکہ کچھ اصول اللہ کی طرف سے عائد کر دیئے گئے ہیں ان اصول و ضوابط کو مدنظر رکھتے ہوئے عورت کو وراثت میں حق حاصل ہے۔

improve the coherence and the structure of the answer.

تنبیہ :-

اسلام میں امن سکون کی فضاء میں عورت اور مرد کو برابر درجہ دیا گیا۔ دونوں کے حقوق الگ الگ بیان کر دیئے گئے اور کہا گیا ہے کہ اپنے اسلامی دائرہ کے اندر رہتے ہوئے اسلام کی فرمانبرداری اور اسلام میں ایک بہتر انسان ہونے کا ثبوت دیں۔ اسی لیے اسلام کو سمجھنا اور سکھنا ضروری ہے تاکہ ہمیں اسلام کی دولت سے آگاہ ہو سکیں۔

09/20

the arguments and the headings quality and quantity is good.

improve the paper presentation and the references part a bit.